103

III

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No. | | | | | | | | | | |

Part - II
URDU, Paper - I
(Second Language)

Time : 3 Hours] *[Max. Marks : 100*

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دیئے جائیں۔ ہر سوال کے نشانات محاذی درج ہیں۔

.1 مندرجہ ذیل اشعار سے کسی دو کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجئے : $2 \times 3 = 6$

(1) میں جو بولا کہا کہ یہ آواز
اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(2) وہ جانِ جاں نہیں آتا تو موت ہی آتی
دل و جگر کو کہاں تک بھلا لہو کرتے

(3) آدمی آدمی سے ملتا ہے
دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(4) رواں ہے عمر اور انسان غافل
مسافر ہے کہ سوتا جا رہا ہے

.2 متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجئے۔ $2 \times 5 = 10$

(1) ''عورت گالیاں سہتی ہے، مار سہتی ہے مگر میکے کی نندا نہیں سہی جاتی۔''

(2) ''یہ وقت انکی زندگی کا ہے جو حوادثِ ایام کا مقابلہ کر سکتے ہیں، جن کے اعضاء دوسروں کے کام آ سکتے ہیں۔''

(3) ''یہ تو واللہ ہو ہی نہیں سکتا کہ ہم پردیس کو سدھاریں اور ہمارے احباب دیس میں رہیں۔''

(4) ''یہاں یہ بات دلچسپی کا باعث ہوگی کہ غذا کا ہضم ہونا بھی احتراقی عمل ہے۔''

3. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : $1 \times 8 = 8$

(1) چاند اور تارے

(2) آزاد وادی

4. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے : $1 \times 8 = 8$

(1) افسانہ ''بڑے گھر کی بیٹی'' کا خلاصہ لکھیے۔

(2) پروفیسر کی حیثیت سے وحیدالدین سلیم کی خدمات کا احاطہ کیجیے۔

5. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے : $1 \times 8 = 8$

(1) رشید احمد صدیقی پر نوٹ لکھیے۔

(2) صالحہ عابد حسین نے کن شخصیتوں کا اثر قبول کیا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

6. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات لکھیے : $2 \times 5 = 10$

(1) نظم ''چاند اور تارے'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟

(2) غالب کی شاعری کی خصوصیت بیان کیجیے۔

(3) فیض احمد فیض کی نظم ''ہم دیکھیں گے'' میں شاعر کے خیالات مختصر لکھیے۔

(4) شوکت تھانوی پر ایک نوٹ لکھیے۔

7. مندرجہ ذیل کے صحیح جواب لکھیے : $5 \times 1 = 5$

(1) غالب کہاں پیدا ہوئے ؟

(2) نظم ''آزاد وادی'' کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے ؟

(3) حکومتِ برطانیہ کی طرف سے 'سر' کا خطاب کس شاعر کو عطا کیا گیا ؟

(4) جگر مرادآبادی کے شعری مجموعوں کے نام بتائیے۔

(5) نظم ''اندھا'' کے شاعر کا نام لکھیے۔

8. خالی جگہوں کو صحیح جواب سے پُر کیجیے : 5 × 1 = 5

(1) آنندی ________ افسانہ کا کردار ہے۔

(2) شوکت تھانوی کے ریڈیائی ڈراموں کا مجموعہ ________ ہے۔

(3) بابائے اردو ________ کا خطاب ہے۔

(4) شاعرِ مشرق ________ کو کہتے ہیں۔

(5) ''گلاب تمہارا کیکر ہمارا'' انشائیہ ________ نے لکھا۔

9. مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے : 5 × 1 = 5

یہ میاں گلاب کس مرض کی دوا ہیں، پیٹ میں درد ہو تو گلقند کھلاؤ۔ ہیضہ ہو جائے تو گلاب پلاؤ۔ مر جاؤ تو قبر پر چڑھاؤ۔ اور بھی کوئی کام اس منحوس وجود سے نکلتا ہے۔ گلاب کے کانٹوں کو دیکھو کیسے دھوکہ باز ہیں۔ دکھائی نہیں دیتے۔ ہاتھ لگاتے ہی چبھ جاتے ہیں۔ کیکر کے کانٹے دور سے نظر آتے ہیں۔ کیا مجال کہ بے خبری میں کسی کو ستائیں۔

(1) یہ عبارت کس سبق کی ہے ؟

(2) گلاب کس مرض کی دوا ہے ؟

(3) کس پھول کے کانٹے دکھائی نہیں دیتے ؟

(4) کس کے کانٹے دور سے نظر آتے ہیں ؟

(5) کس کے کانٹے دھوکہ باز ہیں ؟

10. ذیل کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں درج کیجیے : 5 × 1 = 5

(1) اسمِ عام (2) خطاب (3) اسمِ آلہ

(4) صفت (5) اسمِ کیفیت

11. اسم خاص کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اقسام کو مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ 1 × 5 = 5

12. ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کیجئے : $5 \times 1 = 5$

(1) احمد ذہین لڑکا ہے۔

(2) تندرستی ہزار نعمت ہے۔

(3) چیتا تیز رفتار جانور ہے۔

(4) یہ کتاب عمدہ ہے۔

(5) قطب مینار بلند عمارت ہے۔

13. کوئی پانچ الفاظ کی ضد لکھئے : $5 \times 1 = 5$

(1) نیکی (2) بلند (3) دِن (4) قدیم (5) سیاہ

(6) شاعر (7) اُجالا (8) بُرا (9) امیر (10) بہادر

14. ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کی واحد یا جمع لکھیے : $5 \times 1 = 5$

(1) شخص (2) اوراق (3) اخبار (4) سبق (5) امتحان

(6) تصویر (7) مسجد (8) شعر (9) اُمنگ (10) صاحب

15. مندرجہ ذیل میں سے پانچ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھئے : $5 \times 1 = 5$

(1) رانی (2) شیشا (3) دھوبن (4) مرد (5) مالن

(6) نوکرانی (7) چاچا (8) مامی (9) والدہ (10) بیٹی

16. انگریزی عبارت کا اُردو میں ترجمہ کیجئے : 5

We need to thank our mother every day for all the love, affection and concern she showers on us. India is known for its orthodox culture. We respect elders and give importance to them.